حیسکو پریس ریلیز مورخہ :19.08.2026

ہمارا اولین فرض ہے کہ صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل سنیں اور مروجہ قوانین کے تحت حل کریں۔حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری






حیدرآباد(پ ر)حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی جانب سے حیسکو ہیڈ کوارٹر میں صارف دوست سروس پالیسی کے تحت روزانہ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک کھلی کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے، جہاں بجلی صارفین کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے جاتے ہیں۔اسی سلسلے میں چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو مروجہ قوانین وضوابط کے تحت جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ "ہمارا اولین فرض ہے کہ صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل سنیں اور مروجہ قوانین کے تحت ان کا حل یقینی بنائیں۔"حیسکو چیف کا مزید کہا کہ صارفین کو بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی حیسکو کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔حیسکو چیف نے صارفین کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صارفین کی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ملاقات کے دوران صارفین نے حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے جائز مسائل قانون کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں، جس سے حیسکو اور صارفین کے درمیان اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے، ملاقات کرنے والے صارفین میں صدر آئرن مارکیٹ مقصود چوہان، صحافی پارس ریاض اور دیگر معزز شہری شامل تھے۔